| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 8 پہلا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: حفظ و ترجمہ |

## حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- تسمیہ مع مفہوم یاد کر سکیں اور ضروری مواقع پر پڑھ سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر تسمیہ لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں کہ بسم اللہ پڑھنے سے ہر کام آسان ہو جاتا ہے اور اس میں برکت ہوتی ہے۔

## طریقہ تدریس: 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 6 کا متن پڑھ کر سنائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ "بسم اللہ الرحمن الرحیم" قرآن مجید کی ایک آیت ہے۔
- جس میں اللہ تعالیٰ کے دو صفاتی نام بیان ہوئے ہیں الرحمن اور الرحیم۔ الرحمن کے معنی بڑا مہربان، اور الرحیم کے معنی نہایت رحم کرنے والا ہے۔
- قرآن مجید کا مختصر تعارف دیں اور بتائیں کہ قرآن مجید کی ہر سورت کا آغاز تسمیہ سے ہوتا ہے ماسوائے ایک سورت، سورۃُ التوبۃ کے۔
- طلبہ کو بتائیں کہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھنی چاہیے۔ ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّين صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ بھی ہمیشہ ہر کام شروع کرنے سے پہلے اللہ تعالیٰ کا نام ضرور لیتے۔

- تختہ تحریر پر نمایاں کر کے لکھیں۔ ہمیں بسم اللہ پڑھنی چاہیے:

| | | |
|---|---|---|
| کھانا کھانے اور پانی پینے سے پہلے | وضو کرنے سے پہلے | پڑھائی شروع کرنے سے پہلے |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے تسمیہ مع ترجمہ زبانی سنیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **10منٹ**

طلبہ تسمیہ کا ترجمہ اپنی کاپیوں پر خوش خط لکھیں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

| | | |
|---|---|---|
| **نام:** ____________ | **مضمون: اسلامیات** | **سبق: حفظ و ترجمہ** |

سوال 1: رنگ بھریں اور ترجمہ لکھیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

ترجمہ: ______________________________

سوال 2: تسمیہ کے کیا معنی ہیں؟

______________________________

سوال 3: تسمیہ میں اللہ تعالیٰ کے کن صفاتی ناموں کا ذکر ہوا ہے؟

______________________________

| سبقی منصوبہ بندی:2 | مضمون:اسلامیات | جماعت:دوم | پہلی سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت:40منٹ | تاریخ:______ | ہفتہ:8 دوسرا دن | اُستاد کا نام:_____ |

| سبق کا نام: حفظ و ترجمہ | بابِ اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ |
|---|---|

## حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- مختصر درود شریف صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ مع مفہوم یاد کر سکیں اور ضروری مواقع پر اس کو پڑھ سکیں۔
- یہ جان لیں کہ جب بھی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کا اسمِ گرامی سنیں، پڑھیں یا لکھیں تو درود شریف کا اہتمام ضرور کرنا چاہیے۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ فلیش کارڈز

## سبق کا تعارف: 5منٹ

تختہ تحریر پر مختصر درود شریف صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ لکھیں۔ طلبہ سے پوچھیں کہ یہ درود شریف ہم کس کے نام کے ساتھ پڑھتے ہیں؟ طلبہ کے دلوں میں حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی محبت پختہ کرنے کے لیے ان کے سامنے آپ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کا نام ہمیشہ عقیدت و احترام سے لیں۔

## طریقہ تدریس: 15منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر 6 کھولنے کی ہدایت کریں اور مختصر درود شریف کے پیرا گراف کا متن پڑھ کر سنائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ تک تقریباً ایک لاکھ چوبیس ہزار نبی اور رسول بھیجے۔ آپ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کو اللہ تعالیٰ نے خاتم النبیین بنایا، یعنی آپ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ اللہ تعالیٰ کے آخری نبی ہیں اور آپ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے بعد قیامت تک کوئی نبی نہیں آئے گا۔

- طلبہ کو بتائیں حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم سے محبت ہمارے ایمان کالازمی حصّہ ہے۔ کوئی بھی شخص اس وقت تک صاحبِ ایمان نہیں ہو سکتا، جب تک وہ دنیا کی ہر چیز سے زیادہ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم سے محبت نہ رکھے۔
- طلبہ کو بتائیں کہ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی محبت و اطاعت میں اللہ تعالیٰ کی اطاعت ہے۔ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

ترجمہ: جس نے رسول خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی اطاعت کی یقیناً اس نے اللہ کی اطاعت کی۔

(سورۃ النسآء، آیت:80)

- طلبہ کو بتائیں کہ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم سے اطاعت کا ایک ذریعہ تو آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی تعلیمات کی پیروی کرنا ہے جبکہ محبت کا ایک تقاضا یہ بھی ہے کہ آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم پر درود بھیجا جائے۔
- قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

ترجمہ: "اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے نبی (صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم) پر درود بھیجتے ہیں اے ایمان والو! تم بھی اُن پر درود بھیجا کرو اور خوب سلام بھیجا کرو"۔ (سورۃ الاحزاب، آیت:56)

- طلبہ کو درود شریف پڑھائیں اور انھیں تاکید کریں کہ روزمرّہ زندگی میں پڑھنے کی عادت اپنائیں۔

**اعادہ:** **2منٹ**

جماعت میں پڑھا گیا سبق دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے درود شریف زبانی سنیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **10منٹ**

طلبہ جماعت میں درود شریف پڑھنے کا اہتمام کریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 8 تیسرا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: حفظ و ترجمہ |

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- مختصر درود شریف صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ مع مفہوم یاد کر سکیں اور ضروری مواقع پر ان کو پڑھ سکیں۔
- یہ جان لیں کہ جب بھی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کا اسمِ گرامی سنیں، پڑھیں یا لکھیں تو درود شریف کا اہتمام ضرور کرنا چاہیے۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر مختصر درود شریف صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں جب بھی ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کا نام لیا جائے تو درود شریف فوراً پڑھیں۔ درود شریف پڑھنا آپ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ سے محبت ہے اور ہمارے ایمان کا لازمی جزو ہے۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- درود شریف پہلے خود صحیح تلفّظ سے پڑھیں پھر طلبہ سے پانچ سے سات بار درست تلفّظ سے پڑھوائیں۔
- طلبہ کو مختصر درود شریف کا ترجمہ پڑھائیں اور دہرائی کروائیں کہ انھیں زبانی یاد ہو جائے۔
- طلبہ کو بتائیں کہ ( صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ ) مختصر درود شریف ہے۔
- انھیں بتائیں کہ جب بھی پیارے نبی خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کا نام سنیں، بولیں یا پڑھیں تو مختصر درود شریف لازمی پڑھیں۔
- طلبہ کو احادیث کی روشنی میں درود شریف پڑھنے کی فضیلت سے آگاہ کریں۔

- حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيّٖن صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمْ نے فرمایا:

"بے شک قیامت میں ہر موقع پر مجھ سے زیادہ قریب وہ شخص ہوگا جو مجھ پر کثرت سے درود پڑھنے والا ہوگا۔(ترمذی)

- ایک اور موقع پر نبی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيّٖن صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمْ نے فرمایا: "جو بندہ مجھ پر ایک بار درود بھیجے اللہ تعالیٰ اس پر 10 رحمتیں بھیجتا ہے اس کی 10 خطائیں معاف کر دی جاتی ہیں اور 10 درجے بلند کر دیئے جاتے ہیں۔"(سنن نسائی)
- طلبہ کو ترغیب دلائیں کہ آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖن صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمْ پر زیادہ سے زیادہ درود و سلام پڑھیں اور آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖن صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمْ کی سیرتِ طیّبہ کے مطابق اپنی زندگی گزاریں۔

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے مختصر درود شریف سنیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔ غلطی کی صورت میں ان کی اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **10منٹ**

طلبہ درود شریف کا ترجمہ اپنی کاپیوں پر خوش خط لکھیں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

| | | |
|---|---|---|
| **نام:**__________ | **مضمون: اسلامیات** | **سبق: حفظ و ترجمہ** |

**سوال 1:** **نقطے ملا کر درود پاک مکمل کریں اور ترجمہ لکھیں۔**

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمْ

ترجمہ: ________________________________________

________________________________________